# ماہِ رمضان کی دعائیں

شیخ الحدیث والتفسیر
مدظلہ العالی
ابو صالح مفتی محمد قاسم عطاری

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## از مفتی محمد قاسم قادری

رمضان المبارک کا پورا مہینا خداوند کریم کی رحمت، بندوں کی مغفرت اور جہنم سے آزادی کا ہے، لیکن ابتدائی دس دنوں میں رحمت، درمیان کے دس دنوں میں مغفرت اور آخری دس دنوں میں جہنم سے آزادی کو خصوصیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، چنانچہ نبیِ رحمت، شفیعِ امت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”وَھُوَ شَھْرٌ أَوَّلُہٗ رَحْمَۃٌ، وَأَوْسَطُہٗ مَغْفِرَۃٌ، وَآخِرُہٗ عِتْقٌ مِنَ النَّارِ “ترجمہ: رمضان المبارک وہ مہینا ہے، جس کا پہلا حصہ رحمت ہے، درمیانی حصہ مغفرت ہے اور آخری حصہ جہنم سے آزادی کا ہے۔(صحیح ابن خزیمہ، حدیث نمبر 1887) اس حدیث کا مقصد ماہِ رمضان کے تینوں عشروں کی فضیلت بیان کر کے لوگوں کو بطورِ خاص اِن ایام میں رحمت، مغفرت اور جہنم سے نجات کی دعا مانگنے کی طرف متوجہ کرنا ہے۔ اکثر لوگ ان عشروں کی دعاؤں کے متعلق پوچھتے ہیں کہ کس عشرے میں کون سی دعا کریں۔ امت کی آسانی کے لیے احادیث مبارکہ سے ہر عشرے کے لیے چند دعائیں منتخب کی ہیں۔ اردو ترجمہ بھی ساتھ میں لکھ دیا ہے تاکہ جو کوئی اردو میں دعا مانگنا چاہے اسے آسانی ہو۔ ہر عشرے میں کتاب کی تمام دعائیں یا عشرے کے متعلق تمام یا کچھ دعائیں روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں، ان شاء اللہ رحمتِ الٰہی سے وافر حصہ نصیب ہو گا۔

# عشرۂ رحمت کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْآخِرِيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى النَّبِيِّيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْمُرْسَلِيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْمَلَأِ الْاَعْلٰى إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔

1. رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمیں اپنی بارگاہ سے رحمت عطا فرما اور ہر معاملے میں ہمیں رہنمائی مہیا فرما۔

2. اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور ہمارے لیے اپنے رزق کے دروازے آسان کر دے۔

3. اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ

ترجمہ: اے اللہ! ہم پر اپنی برکتیں اور اپنی رحمت، اپنا فضل اور اپنا رزق خوب وسیع فرما۔

4. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَإِنَّهُ لَا يَمْلِكُهَا اِلَّا أَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے تیرا فضل اور تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں، کیونکہ یقیناً تیرے سوا فضل ورحمت کے خزانوں کا کوئی مالک نہیں۔

5. اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَأَسْبِغْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اپنی بارگاہ سے خاص ہدایت مرحمت فرما اور مجھے اپنے فضل سے سیراب فرما اور مجھ پر اپنی رحمت مکمل فرما اور مجھ پر اپنی خاص برکتیں نازل فرما۔

6. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تَهْدِیْ بِهَا قَلْبِیْ، وَتَجْمَعُ بِهَا اَمْرِیْ، وَتَلُمُّ بِهَا شَعْثِیْ، وَتُصْلِحُ بِهَا دِیْنِیْ، وَتَقْضِیْ بِهَا دَیْنِیْ، وَتَحْفَظُ بِهَا غَائِبِیْ، وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِیْ، وَتُبَیِّضُ بِهَا وَجْهِیْ، وَتُزَكِّیْ بِهَا عَمَلِیْ، وَتُلْهِمُنِیْ بِهَا رُشْدِیْ، وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِیْ، وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے تیری ایسی رحمت کا سوال کرتا ہوں جس کے ذریعے تُو میرے دل کو ہدایت دے، میرے کام کو مضبوط اور مجتمع بنادے، میرے بکھرے معاملات کو جمع کردے، میرا دین سنوار دے، میرا قرض اتار دے، میرے باطن کی حفاظت فرما، میرے ظاہر کو بلند کردے، میرے چہرے کو منور کردے، میرے عمل کو ستھرا بنادے، ایسی رحمت کہ جس کے ذریعے تُو مجھے میری رُشد وہدایت کا الہام فرمائے اور میرے اپنوں کی الفت

مجھے لوٹا دے اور مجھے ہر برائی سے بچالے۔

7. اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں اپنے فضل سے رزق عطا فرما اور ہمیں اپنے رزق سے محروم نہ فرما اور جو رزق تو ہمیں عطا فرمائے، اس میں ہمیں برکت عطا فرما۔

8. اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ قُدْرَتِكَ، وَأَدْخِلْنِیْ فِیْ رَحْمَتِكَ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اپنی قدرت سے عافیت عطا فرما اور مجھے اپنی رحمت میں داخل فرما۔

9. اَللّٰھُمَّ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِیْ وَأَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے اپنے گناہوں کی بخشش مانگتا ہوں اور تجھ سے تیری رحمت کا سوالی ہوں۔

10. يَا رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، بیشک تو بڑا عطا فرمانے والا ہے۔

11. اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا أَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَةٍ

تُغۡنِیۡنِیۡ بِھَا عَنۡ رَّحۡمَۃِ مَنۡ سِوَاكَ

ترجمہ: اے اللہ! پریشانیوں اور غموں کو دور کرنے والے! مجبوروں کی دعائیں سننے والے! دنیا و آخرت میں رحمٰن ور حیم کی شان والے! تو (ہی) مجھ پر رحم کرتا ہے، تو (میری عرض ہے کہ) تُو مجھ پر اپنی وہ خاص رحمت فرما جس سے تو مجھے اپنے سوا سب کی مہربانی سے بے نیاز کر دے۔

12. اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اُنۡزِلُ بِكَ حَاجَتِیۡ، وَ اِنۡ قَصُرَ رَأۡیِیۡ وَضَعُفَ عَمَلِیۡ اِفۡتَقَرۡتُ اِلٰی رَحۡمَتِكَ فَأَسۡاَلُكَ یَا قَاضِیَ الۡاُمُوۡرِ وَیَا شَافِیَ الصُّدُوۡرِ

ترجمہ: اے اللہ! میں اپنی حاجت تیری بارگاہ میں پیش کرتا ہوں، اگرچہ میری رائے ناقص اور عمل کمزور ہے، میں تیری رحمت کا محتاج ہوں۔ پس میں تجھ سے (ہی) سوال کرتا ہوں، اے تمام کاموں کا فیصلہ فرمانے والے! اور اے دلوں کو شفا دینے والے!

13. اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ الۡبَرُّ الۡجَوَّادُ الۡكَرِیۡمُ اغۡفِرۡ لِیۡ وَارۡحَمۡنِیۡ وَعَافِنِیۡ وَارۡزُقۡنِیۡ وَاسۡتُرۡنِیۡ وَاجۡبُرۡنِیۡ وَارۡفَعۡنِیۡ وَاھۡدِنِیۡ وَلَا تُضِلَّنِیۡ وَأَدۡخِلۡنِیۡ الۡجَنَّةَ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ

ترجمہ: اے اللہ! بیشک تُو ہی بڑا احسان فرمانے والا، بخشش و کرم کرنے والا ہے،

مجھے بخش دے اور مجھ پہ رحم فرما اور مجھے عافیت عطا فرما اور مجھے رزق عطا کر اور میرے عیب چھپا دے اور میری کمی دور کر دے اور مجھے بلندی عطا فرما اور مجھے ہدایت دے اور گمراہی سے بچا اور مجھے اپنی رحمت سے جنت میں داخلہ عطا فرما، اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کے رحم فرمانے والے!

14. اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا، وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے تمام کاموں کا انجام اچھا کر دے اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا۔

15. اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ طَیِّبًا وَّ اسْتَعْمِلْنِیْ طَیِّبًا

ترجمہ: اے اللہ! مجھے پاکیزہ رزق عطا فرما اور پاکیزہ عمل کی توفیق دے۔

16. اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ، اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں آخرت میں (بھی) بھلائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

17. اَللّٰھُمَّ الْطُفْ بِیْ فِیْ تَیْسِیْرِ کُلِّ عَسِیْرٍ فَاِنَّ تَیْسِیْرَ کُلِّ عَسِیْرٍ عَلَیْكَ یَسِیْرٌ وَ اَسْئَلُكَ الْیُسْرَ وَ الْمُعَافَاۃَ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ

ترجمہ: اے اللہ! ہر مشکل کو آسان کرنے میں مجھ پر لطف و کرم فرما، کیونکہ ہر مشکل کو آسان کرنا تیرے لیے آسان ہے اور میں تجھ سے دنیا و آخرت میں آسانی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔

18. اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِكْرِكَ، وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا نِعْمَتَكَ، وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ، وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ

ترجمہ: اے میرے اللہ! اپنے ذکر (کی توفیق) کے ذریعے ہمارے دلوں کے تالے کھول دے اور ہم پر اپنی نعمت پوری فرما اور ہم پر اپنا کامل فضل فرما اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں داخل فرما۔

19. يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ، اَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ

ترجمہ: اے ہمیشہ زندہ! اے دوسروں کو قائم رکھنے والے! میں صرف تیری رحمت کے وسیلے سے تیری بارگاہ میں فریاد کرتا ہوں، میرے تمام اُمور کی اصلاح فرما اور مجھے پلک جھپکنے کی مقدار (ایک لمحے کے لیے) بھی میرے نفس کے حوالے نہ چھوڑنا۔

20. اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے میرے بدن کی عافیت عطا فرما اور میری سننے کی قوت میں عافیت عطا فرما اور میری دیکھنے کی قوت میں عافیت عطا فرما، تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

21. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ الْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت کی عافیت کا سوال کرتا ہوں۔

22. اَللّٰھُمَّ آتِنِیْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِیْ عِبَادَكَ الصَّالِحِیْنَ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے وہ بہترین عمل اور کمال عطا کر جو تو اپنے نیک بندوں کو عطا کرتا ہے۔

23. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِی النَّاسَ مِنَ الْمَالِ وَالْاَھْلِ وَالْوَلَدِ غَیْرَ ضَالٍّ وَلَا مُضِلٍّ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے وہ اچھی چیزیں طلب کرتا ہوں، جو تُو لوگوں کو عطا فرماتا ہے یعنی مال اور ایسے اہل و عیال جو نہ خود راہِ راست سے ہٹنے والے ہوں اور نہ دوسروں کو ہٹانے والے ہوں۔

24. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ کُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ، وَاَعُوْذُ بِكَ

مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے ہر بھلائی میں سے حصہ مانگتا ہوں جسے میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا اور میں ہر شر سے تیری پناہ لیتا ہوں جسے میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا۔ اے اللہ! ہر وہ خیر جو تجھ سے تیرے نیک بندوں نے مانگی ہے، میں تجھ سے اس خیر و بھلائی میں سے حصہ مانگتا ہوں اور جن جن برائیوں سے تیرے نیک بندوں نے تیری پناہ طلب کی ہے، میں ان برائیوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

25. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ، وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ، وَلَا كَرْبًا اِلَّا نَفَّسْتَهٗ، وَلَا ضُرًّا اِلَّا كَشَفْتَهٗ، وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، جو تمام جہان والوں کا پالنے والا ہے۔ اے میرے مولا! میں تجھ سے اُن اعمال و صفات کا سوال کرتا ہوں، جو تیری رحمت کا وسیلہ ہوں اور تیری مغفرت کو مؤکد و مستحکم کرنے والی ہوں۔ (اے رب کریم) میرا کوئی گناہ بخشش کے بغیر نہ چھوڑنا اور میری کوئی فکر، کوئی دُکھ، کوئی تکلیف دور کیے بغیر نہ چھوڑنا اور میری جو حاجت تیری رضا کا سبب ہو

اس حاجت کو پورا کر دینا، اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔

26. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے ہر اُس بھلائی میں سے حصہ مانگتا ہوں، جو تیرے نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے تجھ سے طلب کی اور میں ہر اس برائی سے تیری پناہ میں آتا ہوں جس سے تیرے نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پناہ مانگی۔

27. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَآجِلِهٖ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَآجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے جلد اور دیر سے آنے والی ہر طرح کی خیر مانگتا ہوں، جسے میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا اور میں تجھ سے جلد یا دیر سے آنے والی ہر طرح کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں جسے میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا۔

28. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهٗ بِيَدِكَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے اُن سب بھلائیوں سے حصہ مانگتا ہوں جن کے

خزانے تیرے دستِ قدرت میں ہیں اور ان سب برائیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو تیرے قابو میں ہیں۔

29. اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ

ترجمہ: اے میرے اللہ! میں تجھ سے خیر کی ابتدائیں اور اس کی انتہائیں، اسے جامع اور کامل کرنے والی چیزوں، خیر کا اول و آخر اور اس کا ظاہر و باطن طلب کرتا ہوں اور جنت کے بلند درجے مانگتا ہوں۔

30. اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْأَلُكَ أَنْ تُبَارِكَ لِیْ فِیْ سَمْعِیْ، وَفِیْ بَصَرِیْ، وَفِیْ رُوْحِیْ، وَفِیْ خَلْقِیْ، وَفِیْ خُلُقِیْ، وَفِیْ اَهْلِیْ، وَفِیْ مَالِیْ، وَفِیْ مَحْيَایَ، وَفِیْ مَمَاتِیْ، وَفِیْ عَمَلِیْ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تُو مجھے میری سماعت میں، میری بصارت میں، میری روح میں، میری شکل و صورت، میرے اخلاق میں، میرے اہل و عیال، میرے مال میں، میری زندگی اور میری موت (سب) میں برکت عطا فرما۔

31. اَللّٰھُمَّ اَسْأَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَيْرِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے اچانک ملنے والی خیر مانگتا ہوں اور ناگہانی شر

سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

32. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے صحت، پاک دامنی، امانت داری، حسنِ اخلاق اور تقدیر پر راضی رہنے کی توفیق مانگتا ہوں۔

33. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَيْقِ الدُّنْيَا وَضَيْقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

ترجمہ: اے اللہ! میں دنیا کی تنگی سے اور قیامت کے دن کی تنگی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

34. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ، وَاَسْأَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ، وَاَسْأَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے ہر بلا و مصیبت سے عافیت مانگتا ہوں اور تجھ سے ہمیشہ کی عافیت کا سوال کرتا ہوں اور عافیت پر شکر بجالانے کی توفیق کا سوال کرتا ہوں۔

آمین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن

وَ صَلَّى اللهُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْخَیْرِ وَقَائِدِ الْخَیْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ

# عشرہ مغفرت کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ رِضَاءَ نَفْسِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِدَادَ كَلِمَاتِكَ الَّتِيْ لَا تَنْفَدُ

1. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجُلَّهٗ وَأَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ

ترجمہ: اے اللہ! میرے تمام چھوٹے بڑے، پچھلے اگلے، ظاہر اور چھپے سب گناہ بخش دے۔

2. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْماً كَثِيْراً وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

ترجمہ: اے اللہ! میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا اور تیرے سوا کوئی گناہ بخشنے والا نہیں ہے، تو تُو مجھے اپنی خاص بخشش عطا فرما اور مجھ پر رحم فرما۔ بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے۔

3. رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ أَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ

ترجمہ: میرے رب! مجھے بخش دے اور رحم فرما، تُو سب سے بڑھ کے غلبے والا، عزت والا ہے۔

4. اَللّٰھُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا

ترجمہ : اے اللہ ! بے شک تو بہت معاف فرمانے والا ہے، تُو معاف کرنے کو پسند فرماتا ہے، مجھے معاف فرمادے۔

5. اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

ترجمہ: اے اللہ ! مجھے بخش دے اور مجھ پہ رحم فرما اور میری توبہ قبول فرما، بے شک تُو بہت زیادہ توبہ قبول فرمانے والا، رحم فرمانے والا ہے۔

6. اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ جِدِّیْ وَھَزْلِیْ وَخَطَئِیْ وَعَمَدِیْ وَکُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ

ترجمہ : میں نے سنجیدگی اور مذاق میں، بھولے سے اور جانتے بوجھتے خطائیں کیں، سب میرے نامہ اعمال میں ہیں، اے اللہ ! وہ سب بخش دے۔

7. اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا، وَارْضَ عَنَّا، وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَأَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ، وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ، وَأَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا کُلَّهُ

ترجمہ: اے اللہ ! ہمیں بخش دے ، ہم پر رحم فرما، ہم سے راضی ہو جا، ہمارے اعمال قبول فرما اور ہمیں جنت میں داخلہ عطا فرما اور ہمیں عذابِ نار سے بچا اور ہمارے سارے کاموں کو درست فرمادے۔

8. اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَأَدْخِلْنِی الْجَنَّةَ.

ترجمہ: اے اللہ ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے جنت میں داخل فرما۔

9. اَللّٰھُمَّ اعْفُ عَنِّیْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ۔

ترجمہ: اے اللہ! مجھے معاف فرما، بے شک معاف فرمانے والا، کرم فرمانے والا ہے۔

10. لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: تیرے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، تجھے پاکی ہے، میں نے اپنی جان پہ ظلم کیا، تو تُو میری بخشش فرما، بے شک تیرے سوا کوئی گناہوں کی بخشش فرمانے والا نہیں ہے۔

11. رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تُونے ہم سے پہلے لوگوں پر رکھا تھا، اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں طاقت نہیں اور ہمیں معاف فرمادے اور ہمیں بخش دے اور ہم پر مہربانی فرما۔

12. رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو اور ہمارے معاملے میں جو ہم سے زیادتیاں ہوئیں، انہیں بخش دے اور ہمیں ثابت قدمی عطا فرما۔

13. أَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ

ترجمہ: تُو ہمارا مولیٰ ہے، تُو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔

14. رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَ إِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اور اگر تُو نے ہماری مغفرت نہ فرمائی اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو ضرور ہم نقصان والوں میں سے ہو جائیں گے۔

15. رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ

ترجمہ: اے ہمارے رب! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو بخش دے، جس دن حساب قائم ہو گا۔

16. رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے، تُو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تُو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔

17. رَبِّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ

ترجمہ: اے میرے رب! میں نے اپنی جان پر زیادتی کی، پس تُو مجھے بخش

دے۔

18. اَللّٰهُمَّ إِنِّي لَا أَثِقُ إِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي كُلَّهَا إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے صرف تیری رحمت پر بھروسہ ہے، پس تُو میرے سارے گناہ بخش دے، تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخش سکتا اور میری توبہ قبول فرما، بے شک تُو بہت توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے۔

19. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہوں کی بخشش فرما، میرے لیے میرے گھر کو کشادہ فرما اور میرے رزق میں برکت عطا فرما۔

20. اَللّٰهُمَّ فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي

ترجمہ: اے اللہ! میں نے جو آگے بھیجا اور جو پیچھے چھوڑا، جو چھپ کر کیا اور جو اعلانیہ کیا، جو زیادتی کی، تُو مجھ سے زیادہ میرے اعمال کو جانتا ہے، میرے سب گناہ بخش دے۔

21. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ، وَأَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَانْصُرْهُمْ عَلَى عَدُوِّكَ

وَعَدُوِّهِمْ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اور تمام مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو، مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دے اور ان کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے محبت ڈال اور ان کے مابین صلح صفائی پیدا کر اور تو اپنے دشمنوں اور ان کے دشمنوں پر ان کی مدد فرما۔

22. إِلٰـهَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ لَا إِلٰـهَ غَيْرُكَ اِغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ، وَأَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ، إِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَاءُ وَأَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ يَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ، يَا رَحْمٰـنُ اِرْحَمْنِيْ، يَا عَفُوُّ اُعْفُ عَنِّيْ

ترجمہ: اے معبودِ برحق! تیرے سوا کوئی خدا نہیں، میرے گناہ بخش دے اور میرے عمل کو درست فرما، بے شک تُو جس کے چاہے، اُس کے گناہ بخشتا ہے اور تُو بخشنے والا مہربان ہے، اے بہت زیادہ بخشش فرمانے والے! میری بخشش فرما، اے بہت زیادہ توبہ قبول فرمانے والے! میری توبہ قبول فرما، اے بہت زیادہ رحم فرمانے والے! مجھ پر رحم فرما، اے معاف فرمانے والے! مجھے معاف فرما۔

23. اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ، وَتَعْلَمُ

حَاجَتِيْ فَأَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ، وَتَعْلَمُ مَافِيْ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ

ترجمہ: اے اللہ! تُو میرے چھپے اور اعلانیہ سب اعمال کو جانتا ہے، تُو میری معذرت قبول فرما اور تجھے میری حاجت کا علم ہے، پس تُو مجھے میری مراد عطا فرما اور تُو میرے دل میں آئے خیالات کو جانتا ہے، پس تُو میرے گناہوں کو بخش دے۔

24. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ وَطَيِّبْ لِيْ كَسْبِيْ وَقَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِيْ إِلٰى شَيْءٍ صَرَّفْتَهُ عَنِّيْ

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہوں کو بخش دے، میرے اخلاق میں وسعت عطا فرما، میرے کسب کو پاکیزہ فرما اور تُو نے مجھے جو عطا فرمایا، اُس پہ مجھے قناعت عطا فرما اور میری طلب کو ایسی چیز کی جانب نہ پھیر، جسے تُو نے مجھ سے ہٹا لیا ہو۔

25. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَأْفَتَكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ وَصَفِيِّكَ وَعَلٰى أَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ.

ترجمہ: اے اللہ! تُو اپنے درود، برکتیں، لطف و رحمت اپنے حبیب و صفی حضرت محمد پر بھیج اور ان کی طیب و طاہر اہل بیت پر بھیج۔

# عشرہ جہنم سے آزادی کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْأَرْوَاحِ، وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْأَجْسَادِ، وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

1. اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ فَكَاكَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تُو میری گردن کو جہنم سے آزاد کردے۔

2. اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَأَمْرِكَ الْعَظِيْمِ أَنْ تُجِيْرَنِیْ مِنَ النَّارِ وَالْكُفْرِ وَالْفَقْرِ

ترجمہ: اے اللہ! میں تیرے وجہِ کریم اور تیرے امرِ عظیم کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں کہ تُو مجھے دوزخ کی آگ، کفر اور فقر سے حفاظت عطا فرما۔

3. اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَإِسْرَافِيْلَ وَمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ.

ترجمہ: اے اللہ! حضرت جبرائیل، حضرت میکائیل، حضرت اسرافیل علیہم السلام اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے رب! میں جہنم کی آگ سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

4. اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ

الْقَبْرِ

ترجمہ: اے اللہ! میں جہنم کے عذاب سے تیری پناہ لیتا ہوں اور عذابِ قبر سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

5. اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ وَعَمَلٍ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ وَعَمَلٍ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور ایسے قول و عمل کا سوال کرتا ہوں، جو جنت کے قریب لے جانے والا ہو اور دوزخ سے تیری پناہ لیتا ہوں اور ہر اس قول و فعل سے، جو دوزخ کے قریب کرنے والا ہو۔

6. اَللّٰهُمَّ وَنَجِّنِیْ مِنَ النَّارِ، وَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَالْمَنْزِلَ الصَّالِحَ مِنَ الْجَنَّةِ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے دوزخ کی آگ سے نجات عطا فرما اور میری ایسی مغفرت عطا فرما، جو رات و دن میں کئے جانے والے گناہوں کو کافی ہو اور جنت میں اچھا مقام عطا فرما۔ آمین۔

7. اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ خَلَاصاً مِنَ النَّارِ سَالِماً، وَأَنْ تُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ آمِناً

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے سلامتی کے ساتھ دوزخ سے آزادی کا سوال کرتا

ہوں اور یہ بھی کہ تو مجھے امن کے ساتھ جنت میں داخلہ عطا فرما۔

8. رَبَّنَآ إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے ہیں، تو تو ہمارے گناہ معاف فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

9. رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلاً سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: اے ہمارے رب! یہ سب زمین و آسمان تونے بیکار نہیں بنائے۔ تو پاک ہے، تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

10. رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم سے جہنم کا عذاب پھیر دے، بیشک اس کا عذاب گلے کا پھندا ہے۔

11. اَللّٰهُمَّ أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ أَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوَاتُ وَالْأَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ أَنْ تُقِيْلَنِىْ وَأَنْ تُجِيْرَنِىْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے تیری ذات کے اس نور کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں جس سے آسمان اور زمین روشن ہیں اور تیرے ہر حق کے وسیلہ سے اور جو سوال کرنے والوں کا تجھ پر حق ہے، اس کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں کہ

تُو میری لغزشیں معاف فرما اور اپنی قدرت سے مجھے دوزخ کی آگ سے بچا۔

12. اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِي اعْتَرَفْتُ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اقْتَرَفْتُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلاءِ، وَمِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ

ترجمہ: اے اللہ! تیری حمد کے ساتھ ہی میں (تیری طرف) پلٹا اور اپنے گناہوں کا معترف ہوں اور میں اپنی بداعمالیوں کے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں اور میں مصیبت کی سختی اور آخرت کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ وَأَوْلَادِهِ وَأَهْلِ بَيْتِهِ وَذُرِّيَّتِهِ وَمُحِبِّيْهِ وَأَتْبَاعِهِ وَأَشْيَاعِهِ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ أَجْمَعِيْنَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

# دُرودِ پاک اور رحمتوں کا نزول

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”جس نے مجھ پر ایک بار دُرود پاک پڑھا، اللہ عزَّوَجَلَّ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جس نے دس بار دُرود پاک پڑھا، اللہ عزَّوَجَلَّ اس پر سو رحمتیں بھیجتا ہے اور جس نے سو بار دُرود پاک پڑھا، اللہ عزَّوَجَلَّ اس پر ہزار رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جس نے ہزار بار دُرود پاک پڑھا، میں اور وہ جنت کے دروازے پر ایک ساتھ ہوں گے۔“

(المعجم الاوسط، ج 5، ص 252، حدیث: 273)